دعوت

تسخیر انسانیت کا واحد راستہ

''یہ دعوت اللہ تعالیٰ کی وہ محبوب دعوت ہے جس کی خاطر اس نے اپنے قوانین قدرت میں تغیر کر دیا ہے، اشیاء سے ان کے خواص سلب کر لیے ہیں اور کبھی ان کی فطرت کے خلاف خواص بخش دیے ہیں، آگ کو گلزار اور سمندروں کو پایاب کر دیا ہے، پہاڑ اس کے راستہ میں آئے ہیں تو اس کو سرنگوں ہونا پڑا ہے، سمندر اور بہتے ہوئے دریا راستہ میں پڑ گئے تو ان کو راستہ دینا پڑا ہے۔ قیروان کی تاریخ شاہد ہے کہ اژدھوں اور خوں خوار درندوں سے اس کے کام میں رکاوٹ محسوس ہوئی تو ان کو جنگل چھوڑ کر چلا جانا پڑا ہے۔ یہ دعوت قوموں اور جماعتوں کے حق میں ''آب حیات'' ہے، جس نے اس کا کوئی جرعہ پی لیا اس پر موت حرام ہے۔ اگر مسلمان اس دعوت کے علمبردار ہیں اور انھوں نے اپنے وجود کو اس دعوت کے وجود میں اس طرح گم کر دیا کہ ان کی زندگی اس دعوت کی زندگی کے مرادف ہو گئی تو فنا ان کے لیے محال اور بقا ان کے لیے مقدر ہے۔

www.abulhasanalinadwi.com

مٹ نہیں سکتا کبھی مرد مسلماں کہ ہے
اس کی اذانوں سے فاش سر کلیم و خلیل۔''

(نشان راہ ۱۶-۱۷)